

قرآن آسان تحریک

فدا حسین بخاری

یہ ادارہ لاہور میں قائم ہے اور اس کا بنیادی مقصد جیسا کہ نام سے ظاہر ہے' قرآن کریم کی تعلیمات کو آسان اور سہل کر کے عام مسلمانوں تک پہنچانا ہے' شروع شروع میں اس ادارے نے قرآن مجید کے ترجمے کا آغاز 1988 میں "رضیہ شریف ٹرسٹ" کے تعاون سے کیا پھر انہوں نے ادارے کو باقاعدہ رجسٹرڈ کروا لیا دسمبر 1991 سے قرآن مجید کے ترجمے کا باقاعدہ کام شروع کیا گیا ادارے کی طرف سے مرتب کردہ ترجمہ "قرآن حکیم" شائع ہو چکا ہے۔ ترجمے میں اور آیات قرآنی میں رنگوں کا استعمال کیا گیا ہے۔

اس طرح رنگوں کے سائنسی استعمال سے قرآنی تعلیم کے میدان میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوا ہے۔ یہ قرآن حکیم کے معانی سمجھانے کے لیے انتہائی کامیاب طریقہ تعلیم بھی ثابت ہوگا۔ قرآن آسان تحریک کے مرتب کردہ اس منفرد ترجمہ قرآن میں نیلے اور سرخ رنگوں سے استاد کا کام بھی لیا گیا ہے۔ جو قاری کو تلاوت کے ساتھ خود بخود عربی الفاظ کے اردو معانی سمجھاتا چلا جاتا ہے' اور ایسا لگتا ہے جیسے لفظوں کو زبان مل گئی ہو کیونکہ جو لفظ عربی (آیت کا

حصہ) نیلے رنگ میں دیا گیا ہے ۔اس کا ترجمہ بھی نیلے رنگ میں اور جو آیت کا حصہ سرخ رنگ میں لکھا گیا ہے اس کا ترجمہ میں سرخ رنگ والے الفاظ میں لکھا گیا ہے ۔اگر قاری مسلسل توجہ سے اس ترجمہ قرآن کا مطالعہ کرتا رہے تو تھوڑے ہی عرصہ میں اس کو قرآنی عربی پر خاصا عبور حاصل ہو سکتا ہے ۔

ادارے کی مطبوعات کی فہرست

۱ ۔ ترجمہ قرآن حکیم، کامل

۲ ۔ جلد اول سورہ فاتحہ تا سورہ توبہ (تقریباً" دس پارے)

۳ ۔ جلد دوم سورہ یونس تا سورہ عنکبوت (تقریباً" دس پارے)

۴ ۔ جلد سوم سورہ روم تا سورہ الناس (تقریباً" دس پارے)

۵ ۔ ترجمہ قرآن حکیم، پاروں کی صورت میں (پہلا تا تیسواں)

۶ ۔ نماز مترجم (اردو)

۷ ۔ نماز مترجم (انگلش)

۸ ۔ قرآنی و مسنون دعائیں

۹ ۔ اسلام کیا ہے؟

۱۰۔ اے جنرل انٹروڈکشن ٹو اسلام (انگلش)

۱۱۔ فہم قرآن کے اہداف ومقاصد

۱۲۔ حرز اعظم

ادارے کا مستقبل میں ارادہ

✯ یہ ہے کہ پورا قرآن مجید ایک ہی جلد میں تین سائزوں میں شائع کیا جائے اس کے علاوہ مختصر تفسیری حاشیہ بھی مرتب کرنے کا پروگرام ہے۔

- فارسی زبان میں اسی انداز میں ترجمہ شائع کیا اور وسط ایشاء کی ریاستوں میں جہاں فارسی بولی جاتی ہے' بھیجا جائے۔
- انگریزی زبان میں بھی ترجمہ مرتب کیا جائے۔
- پورے پاکستان میں بالعموم اور اعلی تعلیمی اداروں'درسگاہوں' مکتبوں اور مساجد میں بالخصوص اس ترجمہ کو پہنچانا اور رائج کرنا۔
- مختلف تعلیمی مدارج کے لیے قرآن وحدیث کا نصاب تعلیم مرتب کیا جائے۔

ادارے کے ساتھ رابطے اور تعاون کے لیے

ایڈریس ۔ قرآن آسان تحریک رجسٹرڈ

13 اے 11 ایجوکیشن ٹاون

عقب سید مودودی انسٹی ٹیوٹ

وحدت روڈ پوسٹ کوڈ 54570 لاہور

فون : 5212288---5419555